Australian Government

COVID-19 VACCINATION

COVID-19 ویکسین لگوانے کی تیاری

آخری تبدیلیوں کی تاریخ: 30 جولائی 2021

یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی تفصیلات درست ہیں

جس دوران آپ اپنی اپائنٹمنٹ کا انتظار کر رہے ہیں، آپ تیاری کے لیے ابھی کچھ کام کر سکتے ہیں۔

اگر آپ Medicare کے اہل ہوں تو یہ یقینی بنائیں کہ Medicare کے ساتھ آپ کی تفصیلات تازہ ہیں (متوجہ رہیں کہ Medicare کا اہل نہ ہونے کے باوجود آپ کو COVID-19 ویکسین مل سکتی ہے)۔ آپ اپنی تفصیلات اس طرح تازہ کر سکتے ہیں:

- mygov کے ذریعے Medicare آن لائن اکاؤنٹ میں
- The Express Plus Medicare ایپ۔
- Medicare پروگرام کو فون کر کے۔

اگر آپ کا اکاؤنٹ نہیں بنا ہوا تو آپ یہ کر سکتے ہیں:

- Medicare میں اپنا اندراج کروائیں، اگر آپ کا اندراج پہلے نہیں ہوا۔
- اگر آپ کا Medicare کے ساتھ اندراج ہوا ہے لیکن آپ کا myGov Medicare کے ساتھ لنک نہیں ہے تو اپنا Medicare اکاؤنٹ آن لائن بنائیں۔
- اگر آپ Medicare کے لیے اہل نہیں ہیں تو Individual Health Identifier (IHI) حاصل کریں۔

جب آپ کو ویکسین لگ جائے گی تو آپ اپنی ویکسینیشز کے ثبوت کے لیے امیونائزیشن ہسٹری سٹیٹمنٹ (یہ ریکارڈ کہ آپ کو کونسے ٹیکے لگ چکے ہیں) حاصل کر سکیں گے۔ آپ Services Australia کی ویب سائیٹ پر دیکھ سکتے ہیں کہ امیونائزیشن ہسٹری سٹیٹمنٹ کیسے حاصل کی جاتی ہے۔

اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے تیاری کرنا

آسٹریلیا اور دنیا بھر میں COVID-19 ویکسینز کی سپلائی محدود ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جن لوگوں کے لیے شدید COVID-19 بیماری اور/یا وائرس سے واسطہ پڑنے کا خطرہ سب سے زیادہ ہے، انہیں ویکسین پہلے ملے گی۔ دوسرے لوگوں کو وقت کے ساتھ ساتھ ویکسین ملتی جائے گی۔ یہاں دیکھیں کہ کن لوگوں کو ترجیحی بنیادوں پر ویکسین دی جا رہی ہے www.health.gov.au/covid19-vaccines۔ آپ https://covid-vaccine.healthdirect.gov.au/ پر جا کر معلوم سکتے ہیں کہ آیا آپ ابھی COVID-19 ویکسینیشن کی بکنگ کر سکتے ہیں۔

آپ کو ان صورتوں میں COVID-19 اپائنٹمنٹ پر **نہیں** جانا چاہیے کہ:

- آپ کی طبیعت بخار، کھانسی، ناک بہنے یا ایسی دوسری علامات کے ساتھ خراب ہو جو COVID-19 کی وجہ سے ہو سکتی ہیں
- آپ COVID-19 ٹیسٹ کے نتیجے کا انتظار کر رہے ہوں
- آپ کے COVID-19 ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہو اور آپ آئسولیشن میں ہوں
- آپ کوارنٹین میں ہوں
- آپ COVID-19 کے کسی مریض کے قریبی کانٹیکٹ ہوں۔

اگر آپ مندرجہ بالا گروہوں میں سے کسی گروہ میں ہیں تو اپنے امیونائزیشن پرووائیڈر سے بات کریں۔ ہو سکتا ہے آپ کو ویکسین لگوانے کے لیے اپنی اپائنٹمنٹ کا دن بدلنا پڑے۔ COVID-19 ویکسینز COVID-19 بیماری کے علاج کے لیے مؤثر نہیں ہیں۔

اگر آپ کو اپنی COVID-19 ویکسینیشن اپائنٹمنٹ سے پہلے کے 7 دنوں میں کوئی اور ویکسین لگ چکی ہے تو اپنے امیونائزیشن پرووائیڈر کو بتائیں۔ ہو سکتا ہے آپ کا امیونائزیشن پرووائیڈر آپ کو اپائنٹمنٹ کا دن بدلنے کو کہے۔

اگر آپ کو بخار یا نظام تنفّس کی کوئی علامت نہیں ہے تو آپ کو ویکسین لگوانے سے پہلے COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔

دو ڈوزیں لگوانے کے لیے پہلے سے منصوبہ بندی کر رکھیں

یہ اہم ہے کہ آپ اپنی COVID-19 ویکسین کی دو ڈوزیں لیں۔ اگر آپ COVID-19 Pfizer [Comirnaty] ویکسین لگوا رہے ہوں تو دونوں ڈوزوں کے درمیان کم از کم تین ہفتوں کا وقفہ ضروری ہے۔ COVID-19 کی ویکسین AstraZeneca لینے کی صورت میں دونوں ڈوزوں کے درمیان تقریباً 12 ہفتوں کا وقفہ ہونا چاہیے۔ بعض حالات میں دونوں ڈوزوں کے درمیان 12 ہفتوں کے وقفے کو کم کرنا مناسب ہو سکتا ہے لیکن 4 ہفتوں سے کم نہیں۔ دوسری ڈوز کے تقریباً ایک سے دو ہفتے بعد تک آپ کو COVID-19 سے بہترین ممکن تحفظ حاصل نہیں ہو گا۔

اپنی ویکسینیشن اپائنٹمنٹ کے لیے آپ کو کیا ذہن میں رکھنا چاہیے؟

آپ کو اپنی COVID-19 ویکسینیشن اپائنٹمنٹ پر یہ چیزیں ساتھ لانی چاہئیں:

- باتصویر شناخت نامہ، اگر یہ آپ کے پاس ہو تو
- Medicare کارڈ، اگر یہ آپ کے پاس ہو تو
- ایمپلائی آئی ڈی، اگر آپ کو آپ کے پیشے کی وجہ سے ویکسین مل رہی ہے۔
- اپنے ہر طبی مسئلے کے متعلق معلومات، بالخصوص اگر آپ کو الرجی یا خون بہنے کی کوئی بیماری ہو یا آپ immunocompromised ہوں (یعنی آپ کا مدافعتی نظام کمزور ہو چکا ہو)
- اگر آپ کوئی دوائیاں لیتے ہیں تو ان دوائیوں کے بارے میں معلومات
- اگر آپ کو پہلے کوئی COVID-19 ویکسین مل چکی ہے تو اس کی تفصیلات (ویکسین برانڈ اور ویکسین لگنے کی تاریخ)
- اگر آپ کو ماضی میں کسی بھی ویکسین پر کوئی ردعمل ہو چکا ہے تو اس کے بارے میں معلومات
- آپ کے حالیہ جی پی ڈاکٹروں کے نام اور اگر آپ بعض سپیشلسٹ ڈاکٹروں سے ملتے ہیں تو ان کے نام
- چہرے کا ماسک (اگر آپ کی سٹیٹ/ٹیریٹری میں اس کا تقاضا کیا جاتا ہے تو)۔

اپائنٹمنٹ پر آپ اپنے امیونائزیشن پرووائیڈر کے ساتھ COVID-19 ویکسینیشن کے متعلق اپنے تمام سوالات پر بات کر سکیں گے۔

اگر آپ کی عمر 60 سال سے کم ہے، آپ کو کوئی طبی مسئلہ ہے یا آپ کوئی دوائی لیتے ہیں تو اپنے امیونائزیشن پرووائیڈر کو اس بارے میں بتائیں۔ خاص طور پر ان صورتوں میں انہیں ضرور بتائیں کہ:

- آپ کو COVID-19 ویکسین کی گزشتہ ڈوز پر یا ویکسین کے کسی جزو پر الرجک ردّعمل ہو چکا ہو
- دوسری ویکسینز یا دوسری ادویات پر اینافلیکسس (شدید الرجک ردّعمل کی ایک قسم) ہو چکا ہو
- کوئی اور شدید ناموافق واقعہ ہوا ہو جو ماہرانہ غور کے بعد COVID-19 ویکسین کی گزشتہ ڈوز کا نتیجہ قرار دیا گیا ہو
- بار بار اینافلیکسس کے ساتھ مصدّقہ ماسٹوسائٹوسس (ماسٹ سیلز کہلانے والے مدافعتی خلّیات کا جسم میں اکٹھے ہونا) ہو چکا ہو جس کا علاج ضروری ہوتا ہے
- آپ کو کبھی کیپیلری لیک سنڈروم (باریک رگوں میں سے خون رس جانا) تشخیص ہو چکا ہو
- آپ کو COVID-19 ویکسین کی گزشتہ ڈوز کے بعد کبھی thrombocytopenia (خون کے پلیٹلٹس ذرّات میں کمی) کے ساتھ وریدوں اور/یا شریانوں میں شدید thrombosis (خون کے لوتھڑوں کی وجہ سے وریدوں یا شریانوں میں رکاوٹ) ہو چکا ہو جس میں تشخیص شدہ Thrombotic Thrombocytopenic Syndrome (TTS) (خون کے لوتھڑنے بننا اور پلیٹلٹس میں کمی) شامل ہے
- آپ کو heparin کی وجہ سے thrombocytopenia (HIT) اور central venous sinus thrombosis (CVST) ہو چکا ہو، پیٹ کی وریدوں میں خون کے لوتھڑے بنے ہوں (splanchnic veins) یا خون کے لوتھڑوں سے وابستہ antiphospholipid syndrome (مدافعتی نظام کا غلطی سے بہت زیادہ اینٹی باڈیز بنانا اور خون گاڑھا ہونے کا امکان) ہو چکا ہو
- آپ کو myocarditis اور/یا pericarditis ہو چکا ہو
- آپ کو اس وقت شدید ریومیٹک بخار (گنٹھیا کا بخار) یا endocarditis ہے یا حال ہی میں رہ چکا ہے

- آپ کو دل کی پیدائشی بیماری ہے
- آپ کو Dilated cardiomyopathy (دل کا بایاں خانہ بڑھ جانے کی وجہ سے خون پمپ کرنے کی صلاحیت میں کمی) (30 سال سے کم عمر کے لوگوں کے لیے)
- آپ کے دل کا فعل شدید کمزور ہے
- آپ نے دل کا عطیہ لیا ہے
- آپ کو خون بہنے کی بیماری ہو یا آپ anticoagulant تھراپی (خون پتلا کرنے کی دوائی) لے رہے ہوں
- آپ حاملہ ہوں (یا آپ کے خیال میں آپ حاملہ ہو سکتی ہیں) یا دودھ پلا رہی ہوں
- آپ immunocompromised ہوں (یعنی آپ کا مدافعتی نظام کمزور ہو چکا ہے یا آپ مدافعتی نظام کو دبانے والی دوائی لے رہے ہوں)
- آپ کو پہلے COVID-19 ہو چکا ہو یا آپ اب بھی COVID-19 کی وجہ سے بیمار ہوں
- آپ کو پہلے کوئی مختلف COVID-19 ویکسین مل چکی ہو (اور کونسی برانڈ)
- پچھلے 7 دنوں میں آپ کو کوئی بھی ویکسین لگی ہو

بعض حالات میں بہتر یہ ہو سکتا ہے کہ آپ ویکسینیشن اپائنٹمنٹ لینے سے پہلے اپنے معالج کے ساتھ بات کر لیں۔ آپ کو جو ویکسین لگنے والی ہو، آپ اس کے متعلق معلومات بھی پڑھ سکتے ہیں:

- COVID-19 Pfizer [Comirnaty] ویکسین کے متعلق معلومات یا
- COVID-19 کی ویکسین AstraZeneca کے متعلق معلومات

آپ کو ویکسین کیسے ملے گی؟

آپ کو ویکسین انجیکشن سے ملے گی جو عام طور پر اوپری بازو کے پٹھے میں لگایا جاتا ہے۔ آپ کو ویکسین لگنے کے بعد کم از کم 15 منٹ تک اسی کلینک میں ٹھہرنا چاہیے تاکہ وہ آپ کی حالت پر نظر رکھ سکیں۔ آپ کے طبی حالات پر منحصر، آپ سے کلینک میں 30 منٹ تک انتظار کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔

آپ اپنی اپائنٹمنٹ پر جو معلومات فراہم کرتے ہیں، انہیں کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

اس بارے میں معلومات کے لیے یہ ویب سائیٹ دیکھیں کہ آپ کی ذاتی تفصیلات کو کیسے حاصل کیا جاتا ہے، رکھا جاتا ہے اور استعمال کیا جاتا ہے
https://www.health.gov.au/using-our-websites/privacy/privacy-notice-for-covid-19-vaccinations